# 08-03-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاستی حکومت نے ہینڈلوم ورکرس کیلئے قرض معافی اسکیم کومنظوری دی ہے۔

۲۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ذات پات کے سروے پر تنقید کرنے والے کسی بھی غلطی کو ثابت کرنے میں ناکام رہے ہیں۔

۳۔کانگریس پارٹی آج ایم ایل اے کوٹہ کے ایم ایل سی امیدواروں کا اعلان کرے گی۔

اور

۴۔ایس ایل بی سی سرنگ میں لا پتہ مزدوروں کی تلاش کے لئے بچاؤ آپریشن 16 ویں دن میں داخل ہوگیا ہے اور مسلسل جاری ہے۔

CM:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت کی طرف سے ذات پات کے سروے پر تنقید کرنے والے کسی بھی غلطی کو ثابت کرنے میں ناکام رہے ہیں۔حیدرآباد میں آج آل انڈیا پدماشالی مہاسبھا سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ذات پات کا سروے پسماندہ طبقات کے لئے انصاف کو یقینی بنانے کے لئے راہول گاندھی کے نظریہ کے مطابق ایک لاکھ شمارکنندوں کے ساتھ منظّم طور پر کیا گیا۔انہوں نے الزام لگایا کہ بی جے پی اور بی آر ایس اس لئے ذات پات کے سروے کی مخالفت کررہے ہیں کیونکہ وہ پسماندہ طبقات کو42 فیصد تحفظات دینا نہیں چاہتے۔وزیراعلیٰ نے یہ بھی کہا کہ حکومت کسانوں کی طرح بنکروں اور دوسرے دستکاروں کو بھی برابر اہمیت دے رہی ہے۔اس کے حصہ کے تحت خواتین کی تنظیموں کے ارکان کو دوساڑیاں دینے کا فیصلہ کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت پدماشالی برادری کی عزت نفس کو اونچا رکھنے کے لئے شولاپور میں مارکنڈیا بھون کی تعمیر کے لئے ایک کروڑ روپے کا فنڈ فراہم کرنے کے لئے تیار ہے۔ریونت ریڈی نے تلنگانہ تحریک کے لئے قربانیوں پر کونڈا لکشمن بابوجی کو خراج عقیدت پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ ان کے اعزاز میں حکومت نے ان کے نام پر ٹکسٹائل یونیورسٹی قائم کی ہے اور آصف آباد میڈیکل کالج کو بھی ان کا نام دیا جائے گا۔

BHATTI:

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت پر مالی بوجھ کے باوجود ایک ایک پیسہ عوام کی معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لئے خرچ کیا جارہا ہے۔حیدرآباد میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اعلان کیا کہ

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست بھر میں 55 ینگ انڈیا انٹی گریٹیڈ ریسیڈنشیل اسکولس کی تعمیر کے لئے 11 ہزار 600 کروڑ روپے الاٹ کئے ہیں اور محکمہ تعلیم کے ذریعہ سرکاری حکم جاری کیا گیا ہے۔ یہ اسکولس عالمی معیار کے مطابق 20 سے 25 ایکر کی زمین پر بنائے جائیں گے جہاں کھیل کود کی جدید سہولتیں ہوں گی۔ اس کے علاوہ کیمپس کے اندر ٹیچرس کے لئے رہائشی کوارٹرس بھی فراہم کئے جائیں گے۔ یہ اسکولس عالمی معیار کی ڈیجیٹل تعلیم فراہم کریں گے۔ لیباریٹریز اور لائبریریز اور منی تھیٹرس سے لیس ہوں گے۔ بھٹی وکرامارکا نے کہا کہ ان اداروں کے طالب علموں کو سرکردہ عالمی اداروں میں ملازمتوں کے لئے تیار کیا جائے گا۔

PARLIAMENT:

پارلیمنٹ کے بجٹ سیشن کا دوسرا حصہ کل شروع ہوگا۔ اس سیشن کا دوسرا مرحلہ 4 اپریل تک جاری رہے گا اور اس میں 20 نشستیں ہوں گی۔ سیشن کے دوران سال 26-2025ء کے مطالباتِ زر اور تصرف بل پر بحث اور ووٹنگ ہوں گی۔ اس کے علاوہ قانون سازی کا کام ہوگا جس میں بینکنگ قوانین، ترمیمی بل، ساحل جہاز رانی بل 2024ء، تریبھون سہکاری یونیورسٹی بل، امیگریشن اینڈ فاریزس بلز 2025ء اور ریلوے ترمیمی بل پر بحث اور منظوری شامل ہے۔

SEETAKKA:

وزیر پنچایت راج دیہی ترقی سیتا اکا نے آج ملگ ضلع پولیس ہیڈکوارٹرس میں پولیس کانفرنس ہال کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے پولیس عہدیداروں کو مشورہ دیا کہ وہ کھیلوں اور دوسرے بیداری پروگراموں میں دیہی نوجوانوں کو شامل کریں تا کہ انہیں منشیات اور دوسری ناپسندیدہ سرگرمیوں میں پھنسنے سے روکا جاسکے۔

PRAJAVANI:

قانون ساز کونسل چناؤ کے انتخابی ضابطہ اخلاق کی وجہ سے پچھلے کچھ پیروں کو کئی ضلعوں میں پرجاوانی پروگرام برخواست کردیا گیا تھا لیکن ضلع کلکٹرس نے اعلان کیا ہے کہ یہ پروگرام کل سے شروع ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ شہری کلکٹریٹ میں پرجاوانی پروگرام میں شرکت کرسکتے ہیں اور اپنے مسائل پیش کرسکتے ہیں۔

COURT:

تلنگانہ ہائی کورٹ نے ریاستی حکومت کو ہدایت دی ہے کہ چار ہفتوں کے اندر کم سے کم اجرت کے بارے میں گزٹ شائع کرے۔ حکومت گزٹ چھاپنے کے بارے میں پچھلی ہدایتوں پر عمل کرنے میں ناکام رہی تھی، اسی لئے یہ نیا حکم جاری کیا گیا۔ عدالت نے کہا کہ اگر مقررہ وقت میں گزٹ شائع نہیں کیا گیا تو ذمہ دار آفیسر کو شخصی طور پر عدالت میں پیش ہونا پڑے

گا۔اس کیس کو 11 اپریل تک ملتوی کردیا گیا۔

MLC:

کانگریس پارٹی آج ایم ایل اے کوٹہ کے ایم ایل سی چناؤ کے لئے اپنے امیدواروں کا اعلان کرے گی۔ ریاستی کانگریس کی انچارج میناکشی نٹراجن نے ریاستی کانگریس کے لیڈرس اور دہلی میں پارٹی کے قائدین کے ساتھ ایک ٹیلی کانفرنس کی جس میں امیدواروں کے چناؤ پر غور کیا گیا۔ پارٹی کی طاقت کی بنیاد پر کانگریس کو پانچ میں سے چار نشستیں حاصل ہونے کا امکان ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق کانگریس ایک سیٹ سی پی آئی کو دے سکتی ہے۔جن ناموں پر غور کیا جارہا ہے ان میں ایس ٹی زمرہ سے شنکر نائک، ایس سی زمرہ سے ادنکی دیاکر، اقلیتی کوٹہ سے محمد علی شبیر، اظہرالدین اور بی سی زمرہ سے وی ہنمنت راؤ یا پی ونئے کماریا ای ملیشم شامل ہیں۔ پارٹی ذرائع نے بتایا کہ ان ناموں پر غور کیا جارہا ہے۔اس دوران نامزدگی داخل کرنے کی مہلت کل ختم ہورہی ہے۔

SLBC:

ایس ایل بی سی سرنگ لاپتہ ورکرس کو ڈھونڈنے کا بچاؤ آپریشن 16 ویں دن میں داخل ہوگیا ہے اور مسلسل جاری ہے۔ جی پی آر تکنالوجی اور کیرالا سے لائے گئے لاشوں کو سونگنے والے کتوں کی نشاندہی والے مقامات پر کھدائی کی کوششیں تیز کردی گئی ہیں۔اس آپریشن کے دوران بچاؤ ٹیم کو ٹی بی ایم کی بائیں جانب ایک مرنے والے مزدور کا سیدھا ہاتھ اور بائیاں پیر ملا ہے لیکن لاش ٹی بی ایم کے کنکریٹ کے ڈھانچہ میں پھنسی ہوئی ہے۔احتیاط سے کٹائی اور باقیات کو نکالنے کی کوششیں کی جارہی ہیں جن میں کٹرس اور ڈریلنگ کے آلات استعمال کئے جارہے ہیں۔ایک اندازہ کے مطابق 130 ورکرس آج ریسکیو مشن میں حصہ لے رہے ہیں اور عہدیدار صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔

BRS:

بی آر ایس مقنّنہ پارٹی کا ایک اجلاس 11 مارچ کو تلنگانہ بھون میں ہوگا۔ یہ میٹنگ دوپہر ایک بجے ہوگی۔ پارٹی کے صدر اور سابق وزیراعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ سیشن کی صدارت کریں گے۔ امید ہے کہ وہ ریاستی قانون ساز اسمبلی کے آنے والے بجٹ سیشن میں اپنائی جانے والی پارٹی کی حکمت عملی پر بات چیت کریں گے۔ بجٹ سیشن گورنر کے خطاب سے اس مہینہ کی 12 تاریخ کو شروع ہوگا۔

LOAN WAIVER:

ریاست میں حکومت نے ہینڈلوم ورکرس کے لئے قرض معافی اسکیم کومنظوری دی ہے۔حکومت نے 33 کروڑ روپے کی معافی کیلئے ابتدائی منظوری دے دی ہے اور ہدایت دی ہے کہ فی ورکر ایک لاکھ روپے تک کے قرض معاف کئے جائیں۔ یہ معافی پہلی اپریل 2017ء سے 31 مارچ 2024ء تک کے قرضوں کیلئے ہوگی۔

TAX:

کریم نگر ضلع کے حضورآباد بلدیہ میں مالی سال 25-2024ء میں پراپرٹی ٹیکس کی وصولی کے معاملہ میں ریاست میں پہلا مقام حاصل کیا ہے۔ کمشنر بلدیہ کے سامیا نے یہ بات بتائی۔ انہوں نے کہا کہ ٹاؤن کے تمام 30 ڈویژنس سے اب تک 2.55 کروڑ روپے کے ٹیکس حاصل کئے ہیں۔ آ کاش وانی سے بات کرتے ہوئے انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ حضورآباد بلدیہ مالی سال کے ختم تک 100 فیصد ٹیکس وصول کرے گی۔

WATER:

حیدرآباد کے بعض حصوں میں رہنے والوں اور مسافروں کو ایک ہفتہ تک پانی کی سپلائی اور ٹریفک میں خلل کے مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا جس کی وجہ بی ایچ ای ایل فلائی اوور کے لئے جاری انفرااسٹرکچر کے کام ہیں۔ حیدرآباد میٹروپولیٹن واٹر سپلائی اینڈ سیوریج بورڈ کے منیجنگ ڈائرکٹر اشوک ریڈی نے بتایا کہ واٹر بورڈ کو این ایچ اے آئی کی طرف سے بی ایچ ای ایل جنکشن پر سڑک کے کاموں کے لئے پی ایس سی پائپ لائن کو دوسری جگہ منتقل کرنا پڑا۔

JITENDER SINGH

سائنس اور ٹکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے آج طرزِ زندگی سے ہونے والی بیماریوں کو روکنے کے لئے بیداری پر زور دیا ہے۔ ڈائبیٹیز پروینشن آف انڈیا اسٹڈی گروپ آف انڈیا کی سالانہ کانفرنس حیدرآباد میں ہوئی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جتندر سنگھ نے ہندوستان کو پانچ ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کے لئے موجودہ دور کی نسل کو طرزِ زندگی سے ہونے والی بیماریوں جیسے فائیٹی لیور، ذیابطیس سے بچانے کی ضرورت پر زور دیا۔

Sound Byte

OO